سوال نمبر: 4289 منجانب: سردار اورنگ زیب نلوٹھا صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

	سوال	جواب
	کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ	
(الف)	PK-47 میں گاؤں چنکوٹ کنگر، ہوتر، میرا بالاتھی، کیالہ، نلوٹھ واٹر سپلائی سکیم، گھوڑا باز گراں میں پانی کی شدید قلت ہے؟	(الف) یہ درست ہے۔
(ب)	اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا حکومت Need Basis پر ان موضع جات / گاؤں میں پانی کی قلت دور کرنے کے لئے سکیمیں منظور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟	(ب) جی ہاں۔ پانی کی قلت کو مدنظر رکھتے ہوئے حلقہ PK-47 کیلئے ADP نمبر 202/140461 برائے مالی سال 2015-16 میں واٹر سپلائی سکیم کیالہ کیلئے 10.00 ملین روپے کی منظوری ہو چکی ہے۔ جس پر کام جاری ہے۔ اسی طرح 2015-16 میں ADP نمبر 194/150999 کے تحت واٹر سپلائی سکیم نلوٹھا کیلئے مبلغ 27.152 ملین اور واٹر سپلائی سکیم کیالہ فیز-II کیلئے مبلغ 15.487 ملین کی رقم منظور ہو چکی ہے۔ ان دونوں سکیموں کے ٹینڈرز موصول ہو چکے ہیں۔ جو کہ منظوری کے مراحل میں ہیں۔ اور منظوری کے بعد دونوں سکیموں پر کام شروع کر دیا جائے گا۔ واٹر سپلائی سکیم گھوڑا باز گراں مالی سال 2011-12 کے ADP نمبر 227/100100 کے تحت منظور ہوئی تھی جس کے تحت 2 عدد آزمائشی بور کئے گئے جو کہ نا کام ہوئے اور یوں مذکورہ سکیم ADP سے خارج کر دی گئی۔ جبکہ گاؤں کنگر کے لئے واٹر سپلائی سکیم بحکم چیف منسٹر مبلغ 7.00 ملین کی رقم کی منظوری ہو چکی ہے۔ جسکا PC-I تیاری کے مراحل میں ہے۔ جہاں تک گاؤں چنکوٹ اور میرا بالاتھیسی کا تعلق ہے یہاں پر محکمہ کی کوئی سکیم فی الحال نہیں ہے۔ مزید براں پورے صوبے میں پینے کے پانی کی 100% فراہمی کیلئے ماسٹر پلاننگ پر کام جاری ہے۔ تا کہ پانی سے محروم تمام علاقوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اسکیموں کی منظوری دی جا سکے۔